URDU

# فیئرفیکس کاؤنٹی پبلک اسکولز

اگست 2023ء

# ایلیمینٹری فوری رہنمائی

## برائے طالب علم کے حقوق و ذمہ داریاں

چیف ایکوئٹی آفس

ایکوئٹی اینڈ اسٹوڈنٹ کنڈکٹ

**طالب علم کے حقوق اور ذمہ داریوں سے متعلق ایلیمنٹری فوری رہنمائی**

اسکول مل جل کر کام کرنے اور سیکھنے والے افراد کی کمیونٹیز ہیں ۔  ہر کسی کے ساتھ احترام اور حسن سلوک سے پیش آنا چاہیئے ۔ ہمیں ایک دوسرے کا خیال رکھنے کی ضرورت ہے اور کوئی بھی خطرہ دیکھنے کی صورت میں مدد حاصل کرنی چاہیئے ۔ ایک مضبوط ، خوشگوار اور تخلیقی اسکول کمیونٹی تشکیل دینے میں درکار اہم عناصر کو یاد رکھنے کے حوالے سے ، یہ کتابچہ آپ کی مدد کرے گا ۔



## حقوق

آپ کو ایک ایسے اسکول اور کلاس روم کے ماحول کا حق ہے جہاں آپ کی شناخت کی توثیق کی گئی ہو اور جو ہمدرد ، خیال رکھنے والا اور شمولیت والا ہو۔

آپ کو ریسٹ روم کی سہولیات اور دیگر رہائش گاہوں تک رسائی کا حق ہے جو آپ کی صنفی شناخت ، عقیدہ اور کسی اور بنیاد سے مطابقت رکھتی ہوں ۔

آپ کو اپنی صنفی شناخت نہ ظاہرکرنے کا حق حاصل ہے ۔

آپ کو اپنے انتخاب کردہ نام اور اسم ضمیر سے پکارے جانے کا حق ہے۔

اسکول کی اندرونی طور پر تیار کردہ یا کوئی اور فہرستوں کا حق ،مثلاً آنر رول ، گریجویشن پروگرام ، سالانہ کتابیں ، اسکول کے اخبارات ، جوآپ کو آپ کے منتخب کردہ ناموں اور جنس سے شناخت کرتے ہیں ۔

ضابطے کی خلاف ورزی یا کسی کو ضرر پہنچانے کی صورت میں آپ کو واقعہ کی وضاحت کرنے کا حق حاصل ہے ۔  ممکن ہے کہ آپ کو واقعہ کے بارے میں لکھنے کا کہا جائے، لیکن اگر آپ صرف بات کرنا چاہتے ہیں تو آپ کے لیئے تحریر کرنا ضروری نہیں ۔

اگر آپ کسی ضابطے یا قانون سے اتفاق نہیں کرتے تو آپ کو باعزت طریقے سے بغیر کسی رکاوٹ یا سزا کے خوف کے اپنے احساسات اور رائے کے اظہار کا حق ہے ۔ اگر آپ کا خیال ہے کہ کسی بالغ نے کوئی ایسا فیصلہ کیا ہے جو منصفانہ نہیں ہے، تو آپ استاد یا پرنسپل سے ملاقات کا وقت طے کر سکتے ہیں ، اور وہ آپ سے ملیں گے ۔

# ذمہ داریاں

- ہر ایک کو مِل جُل کر کام کرنا ہے اور یہ سوچنا ہے کہ کیسے آپ کا رویہ دوسروں کے حقوق اور احساسات پر اثر انداز ہو سکتا ہے تا کہ ہم اسکول کمیونٹی میں بہترین تعلقات استوار کر سکیں ، اسکول کی عمارت کے اندر اور آن لائن اسکول کے ماحول میں دونوں جگہ پر۔
- ماسوائے اس کے کہ آپ بیمار ہیں، روزانہ اسکول آئیے ۔ طالبعلموں کو وقت پر کلاس میں آنا چاہیئے۔ دھیان سے سنئیے، ہدایات پر عمل کیجئے، اور اپنا کام مکمل کیجیئے ۔
- اسکول کو محفوظ رکھنے میں معاونت آپ کی ذمہ داری ہے ۔ اپنے ہاتھوں اور پیروں کو اپنے قابو میں رکھیئے۔ نہ کبھی کسی کو ماریے یا نہ ہی ایسے انداز میں چھوئیے جو انہیں بے چین کر دے ۔ کوئی بھی ایسی چیز اسکول مت لائیے جس سے کسی کو نقصان پہنچنے کا احتمال ہو، ان اشیاء میں بالخصوص ماچس، یا لائٹرز، منشیات ، تمباکو، شراب ، بندوق ، اسلحہ و بارود ، پٹاخے، چاقو یا کسی بھی قسم کا اسلحہ شامل ہے ۔ اگر آپ کو کوئی چیز خطرناک لگے تو فوراً کسی ٹیچر کو بتائیے ۔
- اگر آپ کو اسکول میں کوئی دوا لینے کی ضرورت ہے، تو کسی بالغ فرد کو اسے اسکول کے ہیلتھ روم میں لانے کی ضرورت ہے تاکہ اس کو یقینی بنایا جائے کہ آپ کو صحیح وقت پر صحیح مقدار ملے، اور کوئی دوسرا اسے غلطی سے نہ لے لے ۔
- اپنا اور دوسروں کا احترام کیجیئے ۔ مناسب زبان استعمال کیجیئے، دوسروں کو برا بھلا یا ایسی بات نہ کیجیئے جو دوسروں کو ایذا پہنچائے ۔ ایک اچھے ڈیجیٹل شہری بنیے اور آن لائن کے ساتھ ساتھ اسکول کی عمارت کے اندر بھی ذمہ دارانہ رویہ اپنائیے ۔
- شائستہ اور دیانتدار رہیئے۔ اپنا کام خود کیجئے اور دوسروں کے کام کی نقل نہ کیجیئے ۔ دوسروں کے ساتھ منصفانہ سلوک کیجیئے ۔ اپنی باری کا انتظار کیجیئے ۔ جب کوئی بالغ فرد آپ سے بات کرے تو رُک کر مڑیئے اور اس کی بات دھیان سے سُنیے ۔
- آپ اسکول میں کمپیوٹر، سیل فون ، ٹیبلیٹ ، یا دوسری الیکٹرناک آلات لا سکتے ہیں ، لیکن صرف اسکول کے اوقات سے قبل یا بعد میں استعمال کرسکتے ہیں ۔ اپنے استاد کو سنئیے اور ان آلات کو تبھی استعمال کیجیئے جب وہ اجازت دیں ۔ ان کی حفاظت کیجیئے ، کیونکہ ان کے ٹوٹنے یا گم ہو جانے کی صورت میں اسکول ادائیگی نہیں کرے گا ۔ بس میں آپ اپنے الیکٹرانک آلات پر ٹیکسٹ کر سکتے یا گیمز کھیل سکتے ہیں، لیکن فون پر بات مت کیجیئے ۔
- اگر آپ سے کوئی غلطی ہو جائے تو اس کو درست کرنے کی کوشش کیجیئے ۔ اگر آپ کو مدد کی ضرورت ہے اس کے لئے کہیئے۔ اگر آپ سے کوئی چیز ٹوٹ جائے، تو استاد کو مطلع کیجیئے تاکہ دونوں مل کر اسے ٹھیک کرنے یا تبدیل کرنے کا راستہ نکالیں ۔ کسی کو نقصان پہنچانے کی صورت میں معذرت کیجیئے اور پوچھئیے کہ آپ معاملات کو کیسے ٹھیک کر سکتے ہیں ۔



## ➢ لباس کے قواعد

- ✓ آپ کو ایسا لباس پہننا چاہیے جو اسکول کیلئے موزوں ہے ۔ آپ اسکول میں پڑھ یا کھیل رہے ہوں گے ، اور ممکن ہے کسی دن آپ کچھ بنا رہے ہوں ، ڈرائنگ یا پینٹنگ کر رہے ہوں یا جسمانی سرگرمیوں کی مشق کر رہے ہوں ۔
- ✓ ایسا لباس مت پہنیئے جس میں زیر جامہ ملبوسات نظرآئیں ۔
- ✓ ایسا لباس مت پہنیئے جس سے غیر قانونی عمل ، گینگ ، اسلحہ ، منشیات ، شراب کو فروغ ملتا ہو ، یا ایسا لباس جس میں دھمکیاں دی گئی ہوں ۔
- ✓ ایسا لباس مت پہنئیے جس پر لعن وطعن کے الفاظ لکھے ہوں یا جس پر مخرب الاخلاق یا فحش تصویریں بنی ہوئی ہوں ۔
- ✓ ممکن ہے کہ لباس کے قواعد سے متعلق آپ کے اسکول میں کچھ اضافی ضابطے بھی ہوں ۔

## ➢ اسکول میں حاضری

اسکول میں آپ کی حاضری آپ کی تعلیمی کامیابی کا ایک اہم جزو ہے۔ سال بھر میں اسکول سے 18 یا اس سے زیادہ تعلیمی دن ، بشمول بیماری یا خاندان میں ہنگامی صورتحال ، معطلیاں اور بلاعذر غیرحاضریاں ، عادی غیرحاضر تصور ہوں گے ۔

- ایلیمنٹری اسکول میں باقاعدہ حاضری سے اس بات کا امکان بڑھ جاتا ہے کہ آپ گریڈ لیول کے مطابق پڑھیں گے ۔
- اگر آپ باقاعدگی سے اسکول حاضر ہوتے ہیں ، تو اس بات کا قوی امکان ہے کہ آپ بروقت ہائی اسکول سے گریجویشن کریں گے ۔

آپ کے والدین/ سرپرست کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے کہ اگر وہ آپ کے باقاعدہ اسکول نہ جانےکی وجہ سے پریشان ہیں تو آپ کے اسکول سے رابطہ کریں ۔

## ➢ بس اسٹاپ پر، بس کے اندر، فیلڈ ٹریس پر، یا اسکول کے زیر اہتمام دیگر سرگرمیاں

ان مواقع پر انہیں ضابطوں کا خیال رکھئیے جن پراسکول میں عمل کیا جاتا ہے، تاہم اپنی حفاظت پر خصوصی توجہ مرکوز رکھئیے۔ گروپ کے ساتھ رہیے۔ اسٹریٹ میں مت کھڑے ہوں ، سائڈ واک یا گھاس والی جگہ پر کھڑے ہوں ۔ بس میں اپنے ہاتھوں کو اندر رکھیئے، اپنی نشست پر بیٹھے رہیئے، اور دھیمی آواز میں بات کیجیئے ۔ کوئی خطرناک چیز لے کر کبھی بس میں سوار نہ ہوں ، نہ ہی اسکول کی کسی سرگرمی میں یا فیلڈ ٹرپ میں مثلاً ماچس ، لائٹر ، تمباکو، شراب ، منشیات، یا ہتھیار ممنوع ہیں ۔



## ➢ غنڈہ گردی، ہراساں کرنا ، اور دوسروں سے بُرا برتاؤ

ہمارے اسکول میں مختلف طرح کے لوگ ہیں ۔ وہ کئی دوسرے ملکوں سے آتے ہیں اور کئی زبانیں بولتے ہیں ۔ ان کی جسامت ، شکل اور رنگ مختلف ہیں ۔ ان کے مذاہب مختلف ہیں اور وہ مختلف پس منظر کے حامل گھرانوں سے آتے ہیں ۔ کبھی کسی کو تنگ یا اس کے ساتھ کوئی غنڈہ گردی مت کیجیئے صرف اس لیئے، کہ وہ آپ سے مختلف ہے، آپ کو اس پر غصہ ہے یا آپ اسے اُکسانا چاہتے ہیں ۔ اگر آپ دیکھتے ہیں کہ کسی کو تنگ کیا جارہا ہے یا کسی کے ساتھ غنڈہ گردی ہو رہی ہے، چاہے ذاتی طور پر یا آن لائن ، کچھ کہیے ۔ غنڈہ گردی کرنے والے شخص کو منع کیجیئے ۔ جس فرد کے ساتھ غنڈہ گردی کی جا رہی ہے اسے بتائیے کہ آپ اس کے دوست بن سکتے ہیں اور اسے اپنے ساتھ چلنے کے لیئے کہیے ۔ اگر وہ منع نہ ہو تو اس کی اطلاع کسی قابل بھروسہ بالغ شخص کو دیجیئے ۔

اگر کوئی آپ کے ساتھ غنڈہ گردی کرے تو اسے ایسا کرنے سے روکیئے ۔ اگر وہ باز نہ آئے تو وہ جگہ چھوڑ دیجیئے ۔ اگر وہ پھر بھی باز نہ آئے تو اسکی اطلاع فوری طور پر کسی قابل بھروسہ بالغ فرد کو دیجیئے ۔
لوگوں کو نقصان پہنچانے، انہیں خوف زدہ کرنے یا ان کا مذاق اڑانے کی اجازت نہیں ہے ۔

## ➢ اسکول کی محفوظ کمیونٹیوں کی اعانت

تمام طالبعلموں سے توقع کی جاتی ہے کہ وہ صحت مند اور محفوظ اسکول کمیونٹیز کی تشکیل اور فروغ میں اپنا کردار ادا کریں گے ۔ اگر آپ ضرر رساں یا غیر محفوظ طرزعمل کا مشاہدہ کرتے ہیں ، تو آپ سے توقع کی جاتی ہے کہ آپ جتنا جلد ہوسکے عملے سے یا کسی قابل بھروسہ بالغ فرد سے رابطہ کرکے اپنی تشویش سے آگاہ کریں گے ۔ آپ کو ایسے طرزعمل میں شریک نہیں ہونا چاہیئے جو ضرر رساں یا غیرمحفوظ صورت حال کو مزید خراب کر دے ۔ اس قسم کے رویوں کی مثالوں میں غنڈہ گردی کے طرزعمل پر اُکسانا اور لڑائی اور جھگڑے کی وڈیو بنانا شامل ہیں ۔

یہ *فوری رہنمائی* طلباء کے لیئے، ایک مختصر جائزے کے طور پر ہے۔ تمام طلباء کا طرزعمل www.fcps.edu/srr میں موجود ریگولیشن 2601 کے حالیہ نسخہ میں بیان کردہ تفصیلی معلومات کے مطابق ہوگا ۔

(Arabic) Please review the Student Right and Responsibilities at www.fcps.edu/srr, and sign and return this form to your child's school by September 29, 2023. You may request a printed copy of the SR&R from the front office of your child's school at any time.

(Chinese) Please review the Student Right and Responsibilities at www.fcps.edu/srr, and sign and return this form to your child's school by September 29, 2023. You may request a printed copy of the SR&R from the front office of your child's school at any time.

(Farsi) Please review the Student Right and Responsibilities at www.fcps.edu/srr, and sign and return this form to your child's school by September 29, 2023 . You may request a printed copy of the SR&R from the front office of your child's school at any time.

(Korean) Please review the Student Right and Responsibilities at www.fcps.edu/srr, and sign and return this form to your child's school by September 29, 2023. You may request a printed copy of the SR&R from the front office of your child's school at any time.

(Spanish) Please review the Student Right and Responsibilities at www.fcps.edu/srr, and sign and return this form to your child's school by September 29, 2023. You may request a printed copy of the SR&R from the front office of your child's school at any time.

(Urdu) براہ مہربانی طالبعلموں کے حقوق اور ذمہ داریوں کا www.fcps.edu/srr پرجائزہ لیجیئے اوراس فارم پر دستخط کرکے اپنے بچے کے اسکول 29 ستمبر 2023ء تک پہنچا دیجیئے ۔ آپ کسی بھی وقت اپنے بچہ کے اسکول کے استقبالیہ دفتر سے SR&R کی ایک مطبوعہ نقل کی درخواست کرسکتے ہیں ۔

(Vietnamese) Please review the Student Right and Responsibilities at www.fcps.edu/srr, and sign and return this form to your child's school by September 29, 2023. You may request a printed copy of the SR&R from the front office of your child's school at any time.